ٹی۔آر۔جی پاکستان لمیٹڈ اطلاع برائے غیر معمولی اجلاسِ عام

یہ اطلاع دی جاتی ہے کہ TRG پاکستان لمیٹڈ (کمپنی) نے فنانس ٹریڈ سینٹر، شاہراہِ فیصل کراچی کے آڈیٹوریم میں بتاریخ 14 جنوری 2013 بروز پیر بوقت 10:00 بجے درج ذیل عام امور کی انجام دہی کے لئے ایک غیر معمولی اجلاسِ عام کا انعقاد کیا گیا ہے۔

[illegible]

۱۔ 31 اکتوبر 2012 کو کمپنی کی منعقدہ دسویں سالانہ اجلاسِ عام کی کارروائی کی تصدیق کی جائیگی۔

۲۔ کمپنی آرڈیننس 1984 اور کمپنی کے آرٹیکل آف ایسوسی ایشن کے مطابق دس (10) ڈائریکٹرز کی تعداد کا تعین بورڈ کی جانب سے کیا گیا ہے تین سال کے لئے منتخب کئے جائینگے جس کا آغاز 15 جنوری 2013 سے ہوگا۔

[redacted]

۳۔ صدر کی اجازت سے دیگر امور پر بحث کی جائیگی۔

بحکم بورڈ

سید محمد طالب رضا

کمپنی سیکریٹری

کراچی،

24 دسمبر 2012

[illegible]

۱۔ کمپنی کے شیئر ٹرانسفر بک، 07 جنوری 2013 تا 14 جنوری 2013 تک (بشمول دونوں دن) بند رہیگی۔ ٹرانسفر ایجنٹ، جنرل میسرز THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، بیکنڈ فلور، سٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر 3، ڈاکٹر ضیاء الدین احمد روڈ کراچی کے ذریعے سے مورخہ 04 جنوری 2013 تک کاروباری اوقات کے اختتام تک موصول جائنگی صورت میں شمولیت اختیار کرنے کے لئے بروقت سمجھی جائے گی۔

۲۔ کوئی بھی امیدوار جو ڈائریکٹرز کے الیکشن میں حصہ لینا چاہتا ہو خواہ سبکدوش ہونے والا ڈائریکٹر ہو یا بصورت دیگر وہ کمپنی کو اس الیکشن کے اجلاس سے 14 دن قبل درخواست دے گا اور الیکشن میں شمولیت کے لئے بحیثیت ڈائریکٹر کے انتخاب کے لئے اپنی مرضی کا حلفیہ مرتبہ فارم۔28 تفصیلی پروفائل بمعہ تمام ضروری ڈکلیریشن جو کہ کوڈ آف کارپوریٹ گورننس کے تمام مطابق ہوں۔ جمع کرنا لازمی ہوگا۔ مزید براں یہ کہ وہ ان مندرجہ ذیل باتوں کی بھی تصدیق کرے گا۔

۱۔ وہ کسی بھی متعلقہ قانون (بشمول کراچی اسٹاک **اکسچینج** کے لسٹنگ ریگولیشنز) کے تحت کمپنی کے ڈائریکٹر بننے کے لئے نااہل نہیں ہے۔

۲۔ وہ سات سے زائد لسٹڈ کمپنیوں میں ڈائریکٹر نہیں ہے۔

۳۔ وہ یا اسکا شریک حیات بروکیریج کے بزنس سے منسلک نہیں ہیں۔ اور نہ ہی کسی کارپوریٹ بروکیریج ہاؤس کے اسپونسر، ڈائریکٹر یا آفیسر ہیں۔

۳۔ کوئی بھی ممبر جو اجلاس میں شرکت کرے اور ووٹ دینے کا اس کی حق دار ہے وہ اپنی جگہ شرکت کرنے کا تقرر کرنے اور ووٹ دینے کے لئے کسی دوسرے ممبر کو بطور اپنا/اپنی پروکسی مقرر کر سکتا/ کر سکتی ہے۔ کسی بھی پروکسی کا کمپنی کا ممبر ہونا ضروری نہیں ہے۔

۴۔ وہ دستاویزات جو پروکسی کا تقرر کرنے بمعہ پاور آف اٹارنی دیگر اختیاری دستاویز جس پر مجاز شخص/اشخاص کے دستخط ثبت شدہ ہوں یا نوٹری سے اصل کی تصدیق شدہ کاپی کیلئے ضروری ہے کہ وہ اجلاس سے 48 گھنٹے قبل کمپنی رجسٹرار آفس میں جمع کرادی جائیں۔

۵۔ ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے پتوں میں کسی بھی قسم کی تبدیلی سے متعلق بروقت مطلع کریں۔

۶۔ CDC کھاتہ داروں کو مزید براں سرکلر نمبر 1 (جو کہ تاریخ 26 جنوری 2000 SECP سے جاری کردہ رہنما اصولی جو کہ ذیل میں لکھے ہیں ان کا پاس رکھنا لازمی ہوگا۔

[illegible]

۱۔ ذاتی طور پر شرکت کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر اور وہ افراد جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں اور جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضابطے کے مطابق مذکور ہیں۔ تو وہ ذاتی طور پر اپنا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ دکھا کر اجلاس میں شرکت کر سکتا ہے۔

۲۔ ادارے کے رکن کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز ریزولوشن/پاور آف اٹارنی بمعہ نامزد افراد کے دستخط کے نمونے کے ساتھ پیش کرنے کے بعد شرکت کر سکتا ہے۔ بشرطیکہ وہ پہلے سے ہی فراہم کیے گئے ہوں۔

[illegible]

۱۔ ذاتی طور پر شرکت کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر یا وہ افراد جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضابطے کے مطابق موجود ہوں تو وہ درج بالا ضرورت کے مطابق اپنا پروکسی فارم پیش کریگا

۲۔ پروکسی فارم پر دو افراد کی گواہی ضروری ہے جن کے نام پتے اور قومی شناختی کارڈ نمبر فارم پر درج کیے گئے ہوں

۳۔ پروکسی فارم کے ساتھ مستفید مالک اور پروکسی کے قومی شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ کاپیاں منسلک کی جائیں۔

۴۔ اجلاس کے وقت پروکسی اپنا قومی شناختی کارڈ پیش کریگا۔

۵۔ ادارے کے رکن کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز ریزولوشن/پاور آف اٹارنی بمعہ دستخط کے نمونے کے ساتھ کمپنی کے پروکسی فارم کے ساتھ پیش کرنے ہوں گے۔ (بشرطیکہ وہ پہلے سے ہی فراہم نہ کیے گئے ہوں)۔

SahELEMENT.COM.PK

ATTN: THE GENERAL MANAGER
THE KARACHI STOCK EXCHANGE (G) LTD.
FAX: 111-573-329

روزنامہ نوائے وقت
24 دسمبر 2012
کراچی

P-3/3.